BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

## سٹی آف برامپٹن کے میئر پیٹرک براؤن 2024 کے مجوزہ بجٹ کو منظر عام پر لے آئے ہیں

*2024 کا بجٹ ٹرانزٹ اور ہیلتھ کیئر پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے برامپٹن کے لیے مفید ثابت ہو گا*

برامپٹن، آن (29 نومبر 2023) – آج، سٹی آف برامپٹن کے میئر پیٹرک براؤن نے نئی صوبائی قانون سازی *سٹرانگ میئرز، بلڈنگ ہومز ایکٹ، 2022 کے تحت اپنا پہلا میئر کا بجٹ سامنے لایا ہے۔* 2024 کے بجٹ کے اس باضابطہ مسودہ میں پیش رفت کرنے کے لیے رہائشیوں اور کاروباری اداروں کی جانب سے رائے کے حصول کے لیے اسے اب دستیاب کر دیا گیا ہے۔

*بلڈنگ دی برامپٹن ایڈوانٹیج* کے تصوّر پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، اس بجٹ میں انتہائی اہم شعبوں کے لیے فنڈز مختص کیے گئے ہیں جو عوامی نقل و حمل، صحت کی دیکھ بھال، تفریح، ماحولیات، سڑکوں اور بنیادی ڈھانچے اور کمیونٹی کی حفاظت کے لیے فنڈز رکھنے کے ساتھ معاشی ترقی کو متوازن رکھنے کے لیے میئر اور کونسل کے عزم کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔

سالانہ بجٹ ہر سال سٹی کی ترجیحات، اہداف اور ان اقدامات کی نشاندہی کرتا ہے جو اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ سٹی ہمیشہ ایسی ترجیحات پر سرمایہ خرچ کرتا ہے، جو ہمارے رہائشیوں کے لیے نہایت اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ اس بجٹ کی تشکیل میں 5000 سے زیادہ رہائشیوں کے ساتھ پری بجٹ ٹیلیفون ٹاؤن ہال کے انعقاد، شہر بھر کے وارڈ کونسلرز کے ساتھ کافی چیٹس اور ایک کاروباری گول میز کانفرنس میں کمیونٹی کو بہت بڑے پیمانے پر شامل کیا گیا ہے اور ان کی رائے حاصل کی گئی ہے۔ اس سال کے بجٹ میں سٹی کے اسٹریٹجک پلان کو بطور خاص مدنظر رکھا گیا ہے اور اس میں اپنی کمیونٹی کی فلاح و بہبور کے لیے ریکارڈ حد تک فنڈز رکھے گئے ہیں۔

عوامی وفود اور کونسل کے مباحثے بروز منگل مورخہ 5 دسمبر سے شروع ہوں گے۔

### 2024 کے مجوزہ بجٹ کی جھلکیاں

*سستی اور شاندار سروسز*

- سٹی ٹیکس بل کے اپنے حصے میں 1.9% کی شرح سے مجوزہ ٹیکس اضافہ کرنے کے قابل ہے، جو ستمبر 2023 کی افراط زر کی شرح (3.8%) سے کم ہے۔ یہ اضافہ ریجن آف پیل کے اضافے (4.5%) کے نصف سے بھی کم ہے اور سٹی آف مسی ساگا کے اضافے (2.3%) سے بھی کم ہے اور حتی کہ یہ GTA میں سب سے کم ہے،
- $139 ملین - سٹی اپنی بسوں، سڑکوں، تفریحی مراکز، عوامی مقامات اور بنیادی ڈھانچے کے دیگر اثاثوں کو مستحکم سطح پر رکھنے کے لیے قومی خزانے میں حصہ ڈالنے کے حوالے سے اب تک کا سب سے بڑا تعاون کنندہ ہے۔ زیادہ تر حصہ ہمارے بنیادی ڈھانچے کو برقرار رکھنے اور مزید آگے بڑھانے کی طرف جائے گا۔
- $913 ملین آپریٹنگ بجٹ، $544 ملین کیپٹل بجٹ = $1.5 بلین کُل

*نگہداشت صحت*

- سٹی نے پہلے ہی $74 ملین (ستمبر 2023) سے زیادہ کے ریزرو فنڈز کو سٹی کے اپنے حصے $125 ملین میں شامل کر لیا ہے
- برامپٹن کے لیے ایک دوسرے ہسپتال اور کینسر کی دیکھ بھال کے ایک نئے مرکز کی تعمیر میں معاونت کے لیے ہسپتال لیوی کا 1%تسلسل جاری ہے
- نئے میڈیکل اسکول کے لیے معاونت

*نقل و حمل*

- بسوں کی خریداری اور تجدید کاری: $78.4 ملین
- برامليہ روڈ کوریڈور پر برامپٹن ٹرانزٹ زوم سروس میں توسیع: $ 3.8 ملین
- ٹرانزٹ سروس کے 108,500 مزید گھنٹے
- 136 نئے ٹرانزٹ آپریٹرز

*تفریح*

- ایمبلٹن کمیونٹی سنٹر کی تعمیر: $79.8 ملین
- ہووڈین ری کریئیشن سنٹر کی تعمیر: $24.2 ملین
- کرکٹ کا بنیادی ڈھانچہ اور پروگرامنگ: $6 ملین
- سنچری گارڈنز یوتھ ہب کی تعمیر: $5.5 ملین
- ٹینس، کبڈی، پکل بال، باسکٹ بال، ڈاگ پارک اور کھیل کے میدانوں میں بہتریاں: $6.1 ملین
- میموریل ایرینا کی توسیع (تعمیر): $2.5 ملین
- FCCC میں لان باؤلنگ: $ 900,000
- CAA سنٹر میں باسکٹ بال کورٹ اور بہتریاں: $ 375,000
- سنٹرل پیل میں مصنوعی ٹرف فیلڈ: $ 200,000
- لوفرز لیک ری کریئیشن سنٹر میں نیا اور جامع ملٹی سینسری روم: $ 100,000

*ماحول*

- ریور واک فیز ون (سیلاب سے تحفظ): $87.3 ملین
- نکاسی آب کے چینل کا معائنہ اور دیکھ بھال کا پروگرام: $1 ملین
- کٹاؤ پر قابو پانے اور اسٹریم بینک کا استحکام: $1 ملین
- توانائی کی کارکردگی کے پروگراموں کی مدد سے توانائی اور مضر مواد کے اخراج میں کمی لانا: $ 215,000
- کمیونٹی گارڈنز میں بہتریاں لانا: $ 100,000
- چنگواکوسی پارک اپ گریڈز: $ 25,000
- طوفانی پانی میں بڑی بہتریاں لانا: $7.9 ملین

**برامپٹن کے بجٹ میں پیش رفت کے عمل کے بارے میں**

مجوزہ بجٹ کو اب سٹی کی ویب سائٹ پر پوسٹ کر دیا گیا ہے ۔ اگر آپ کو یہ دستاویزات کسی متبادل فارمیٹ میں درکار ہوں، تو براہ کرم اپنی درخواست accessibility@brampton.ca پر جمع کرائیں۔

عوامی وفود اور کونسل کے بحث مباحثے بروز منگل، 5 دسمبر سے شروع ہوں گے، جس کے بعد 13 دسمبر 2023 کو بجٹ کے منصوبے کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

*میونسپل ایکٹ، 2001* ، سٹی کے بجٹ کے حوالے سے ان اختیارات اور فرائض کا ایک خاکہ پیش کرتا ہے جو اب میئر کو تفویض کیے گئے ہیں۔ اس قانون سازی میں کہا گیا ہے کہ *"کونسل کا سربراہ، ضوابط کے مطابق، شہر کے لیے ایک مجوزہ بجٹ تیار کرے گا اور مجوزہ بجٹ پر سٹی کونسل کی جانب سے غور و فکر کے لیے اسے سٹی کونسل کو فراہم کرے گا۔"*

کونسل کے لیے بجٹ پر غور کرنے کے لیے 30 دن کی مدت شروع ہو گئی ہے، جس کے دوران کونسل میئر کے بجٹ میں کوئی بھی ترمیم کروانے کے لیے قراردادیں منظور کر سکتی ہے۔ کونسل قرارداد کے ذریعے 30 دن کی مدت کو کم کر سکتی ہے۔ 30 دن کی مدت (یا مختصر کردہ مدت) ختم ہونے کے بعد، بجٹ کو منظور شدہ سمجھا جاتا ہے (اگر بجٹ میں ترمیم کے لیے کونسل کی کوئی قرارداد منظور نہ کی گئی ہو)۔ اگر کونسل بجٹ میں کوئی ترمیم کرنے کا فیصلہ کرتی ہے، تو میئر 10

دن میں ویٹو کر سکتا ہے۔ میئر کی طرف سے کونسل کی قرارداد کو ویٹو کرنے کا کوئی بھی فیصلہ کونسل 15 دن کے اندر ختم کر سکتی ہے، جس کے تحت کونسل کے تمام اراکین کے دو تہائی ووٹوں کے ذریعے میئر کے ویٹو کو ختم کیا جا سکتا ہے۔

سٹی کے سالانہ برامپٹن کے عمل کے دوران شہریوں کے ساتھ روابط اور ان کی شمولیت سے بجٹ کے بارے میں انہیں مکمل آگاہی فراہم کی جاتی ہے، جس کے لیے ٹیلیفون ٹاؤن ہالز، کافی چیٹس، اشتہارات، خبروں کے اجراء، سوشل میڈیا مہمات اور سٹی کی بجٹ ویب سائٹ کی مدد سے شہریوں کو اس سارے میں عمل میں شامل کیا جاتا ہے اور ہر مرحلے پر آگاہ رکھا جاتا ہے۔

اس سال کا بجٹ سٹی آف برامپٹن کے کارپوریٹ اسٹریٹجک پلان 2022-2026 کی حمایت کرتا ہے۔ یہ اہم دستاویز کمیونٹی کے لیے سب سے ضروری چیزوں کو ترجیح دینے اور ان کی فراہمی کو ممکن بنانے کے لیے ایک بنیادی ڈھانچہ فراہم کرے گی۔ یہ ایک شاندار منصوبہ ہو گا جو سٹی کے بجٹ ماسٹر پلانز، پروجیکٹس، خدمات اور وسائل کا سیاق و سباق کا تعین کرتا ہے۔

**اضافی وسائل**

2024 کے مجوزہ بجٹ کا جائزہ لینے یا شہ سرخیوں پر مشتمل مختصر ورژن پڑھنے کے لیے، براہ کرم www.Brampton.ca/budget پر جائیں۔

سٹی کونسل میٹنگ میں اپنے خیالات پیش کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: سٹی آف برامپٹن | کونسل اور کمیٹیاں | عوامی اجلاسوں میں شرکت کریں، کسی کمیٹی میں شرکت کریں یا اس میں شامل ہوں۔

**اقتباس**

"میں 2024 کے بجٹ کو منظرعام پر لاتے ہوئے بہت پُرجوش محسوس کر رہا ہوں، جو برامپٹن کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں معاون ثابت ہو گا۔ یہ بجٹ ہمارے ٹرانزٹ نظام، صحت کی دیکھ بھال، تفریح، کمیونٹی سیفٹی، ماحولیات اور سڑکوں اور دیگر انفراسٹرکچر میں بہتریاں لانے پر سرمایہ خرچ کرنے کو ترجیح دیتا ہے، جو برامپٹن کے ہر رہائشی کے لیے ایک خوشحال اور متحرک مستقبل کو یقینی بنائے گا۔ مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس ہو رہا ہے کہ یہ بجٹ ہمارے قومی خزانے میں ہماری ریکارڈ شراکت اور GTA میں ٹیکس میں سب سے کم اضافہ کی پیشکش کرتا ہے۔ اس بجٹ کو حتمی شکل دینے میں آپ کی رائے بہت اہمیت رکھتی ہے، جو کہ جامع ترقی اور ایک لچکدار کمیونٹی کے لیے ہمارے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔**
ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمار ساتھ X (سابقہ ٹویٹر)، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط رہیں۔ مزید جانیں: www.brampton.ca

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca